06/05/2026

07.40 / PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر مینبصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*.......بھارت اور ویتنام نے مختلف شعبوں میں شراکت داری کو بڑھاو ا دینے کےلئے متعدد مفاہمت ناموں پر کئے دستخط

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرحدی علاقوں کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کا دہرایا عزم۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ہا تھوں ٹنگمرگ میں 2کروڑ75لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کثیر المقاصد سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح۔

اور

*....... بھرتی اداروں کو،سرکاری محکموں میں خالی جگہوں کو پُر کرنے کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی یقینی بنانے کی ہدایت۔

بھارت۔ ویتنام

بھارت اور ویتنام نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی ، ارضیات، طبی پیداوار ، کلچر، سیاحت اور دیگر اہم شعبوں میں شراکت دار ی کو بڑھاوا دینے کےلئے کئی مفاہمت ناموں پر دستخط کئے۔

نے کئے۔ To Lam یہ دستخط آج نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مو دی اور ویتنام کے صدر دونوں رہنماؤں نے بات چیت کے دوران دونوں علاقائی اور عالمی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

بعد میں وزیر اعظم نریندر مو دی نے میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ایل جی سانبہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر مینتعمیر و ترقی کا ایک نیا دور چل رہا ہے اور شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں پر بھی ترقیاتی لحاظ سے بھر پور توجہ دی جا رہی ہے ۔

میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیا د رکھنے Regal سانبہ ضلع کے وائبرنٹ سرحدی گاؤں کے بعداجتماع سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ سرحدی گاؤں دیہات ہمارے آخری نہیں بلکہ پہلی صف کے گاؤں ہیں اور ہم ان کی دیر پا ترقی کیلئے پر عزم ہیں۔

HADPکو تعیناتی کے آڈر اور مقامی نوجوانوں میں مشن یوا ،SPOs اس موقعے پر انہوننے کئی اور کچھ دیگر اسکیموں کے سینکشن لیٹر س پیش کئے ۔

منوج سنہا

دیو سنسکرت گُرکل کا بھی افتتاح Narsing اسی دوران منوج سنہا نے گگوال سانبہ میں پارک اور یوگا کیندر کو بھی عوام کے نام وقف کیا۔Nakshatra کیا۔انہوننے ساتھ ہی

اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہا رکرتے ہوئے انہوں نے قدیم ویدک ذہانت کو نئے زمانے کی تعلیم کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ قوم کی حقیقی مضبوطی اس کی ثقافتی اقدار میں مضمر ہوتی ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گورنمنٹ ڈگری کالج ٹنگمرگ میں2کروڑ75لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ایک کثر المقاصد سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر ایک جلسے سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیل کود کی سرگرمیوں میں موقع دے کر ان کی صلاحیتوں کو زمینی سطح پربروئے کار لانے میں اسطرح کے بنیادی ڈھانچے کو اہم قرار دیا۔

گلمرگ MLAاس موقعے پر تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، زڈی بل تنویر صادق بھی موجود تھے۔ MLA فاروق احمد شاہ اور

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج گورنمنٹ میڈکل کالج سرینگر میں مختلف شعبونکیلئے تعمیر ہورہی نئی عمارت کا معائینہ کیا ۔ انہوننے افسروں کوہدایت دی کہ وہ کام کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے پروجیکٹ کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

اسی دوران کئی عوامی وفود آج نائب وزیر اعلیٰ سے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں ملاقی ہوئے اور انہیں اپنے مسائل سے روشناس کرایا۔

سکینہ

صحت ، تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے بھرتی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ خالی پڑی اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے بھرتی عمل میں سرعت لا کر منتخب ہونے والے امید واروں کی بر وقت تعیناتی یقینی بنائیں۔

آج جموں کشمیر سروسز سلیکشن بورڈ کی طرف سے سکمز سرینگر سمیت صحت، تعلیم اور سماجی بہبود کے محکموں میں دردست لئے گئے بھرتی عمل کا اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے بھرتی عمل کو شفاف طریقے پر انجام دینے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے اس سلسلے میں جوابدہی یقینی بنانے پر بھی زور دیا ۔

وزیر موصوفہ نے مختلف محکموں میں بھرتیوں کا عمل وقت رہتے مکمل کرنے کی ضرور ت اجا گر کرتے ہوئے کہاکہ سرکار خالی پڑی اسامیوں کو صاف و شفاف انداز میں پر کرنے کیلئے پر عزم ہے۔

جاوید رانا

جنگلات اور ماحولیاتی اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے قبائیلی طبقوں کی سماجی و اقتصادی بہبودی یقینی بنانے کیلئے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔انہوں نے قبائلی آبادی کیلئے خیموں ، سولر لائٹوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کا یقین دلایاہے۔

وہ آج شوپیان اور پلوامہ اضلاع میں ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لے رہے تھے ۔ انہوں نے ان دونوں اضلاع میں جل جیون مشن کے علاوہ قبائیلی بنیادی ڈھانچے اور جنگلاتی پروجیکٹوں کا معائینہ کیا۔

ستیش

سائنس و ٹیکنالوجی اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار کھیل کود کی ترقی اور ٹیکنالوجی میں ترقی کے ذریعے نوجوانوں کومصروف رکھنے پر توجہ مرکوزکئے ہوئے ہے۔

سینئر سکینڈری اسکول جموں کی سالانہ دن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف BSF نے کہاکہ کھیل کود ،اختراع اور ڈیجیٹل وسائل کو وسعت دے کر نوجوانوں کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے انہیں بہترین پلیٹ فارم فراہم کئے جا رہے ہیں۔

ستیش شرما نے کہا کہ وہ نظم و ضبط ، یکجہتی اور قومی افتخار کے مشعل بردار بنیں ۔

بینک

جموں کشمیر بنک نے مسلسل چوتھے مالی سال میں ریکارڈ منافع کی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے سال 2025-26 کے لیے اپنی تاریخ کا سب سے زیادہ سالانہ منافع 23ارب 63 کروڑ 47 لاکھ روپے درج کیا ہے۔

بینک نے مالی سال کا اختتام بھی ایک شاندار سہ ماہی کارکردگی کے ساتھ کیا، جہاں تقریباً 800 کروڑ روپے کا خالص منافع حاصل کیا گیا۔

امیتابھ چٹرجی نے آکاشوانی نیوز CEO اس حوالے سے بنک کے منیجنگ ڈائریکٹر ا ور سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

سمپوزیم

Raksha Triveni Sangam -Whereپریاگ راج اتر پردیش میں دفاع سے متعلق کے موضوع پر نارتھ ٹیک سمپوزیم Technology, Industry and soldiering converge منعقد ہوا۔

و زیر دفاع راجناتھ سنگھ نے4مئی کو اس کا افتتاح کیا۔ سمپوزیم کے بارے میں ناردرن آرمی کمانڈر لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما نے کہا ۔

دریں اثناءیوپی کے وزیر اعلیٰ یو گی آدتیہ نا تھ نے آج اس سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی والی حکومت دفاعی صلاحیتوں کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے۔ انہوننے کہا کہ یوپی ڈیفنس انڈسٹریل کاریڈور میں35ہزار کروڑ روپے کے منصوبے عملائے جا رہے ہیں۔

پرساربھارتی

سینٹرل بورڈ آف فلم Shekhar Vempati پرسار بھارتی کے سابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر سرٹیفکیشن کے نئے چیر پرسن ہونگے۔ وہ اس عہدے پر تین برس تک فائض رہیں گے۔

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیانشد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکا اقدامات کے بار ے میں ایکسماجی کارکن خورشید احمد ریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

اس دوران جمونوکشمیر پولیس کی طرف سے ڈرگ سمگلروں کے خلاف نہ تھمنے والا کارروائی کا سلسلہ جا ری ہے۔ پولیس نے اس سلسلے میں سوپور، اننت ناگ ، بارہمولہ اور اونتی پورہ میں مزید7سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔

ڈاکٹر ونود کمار نے ضلع بارہمولہ کا دورہ کر کے وہاں سلامتی منظر DIG شمالی کشمیر کے نامے کے علاوہ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ایکٹ کے تحت2معاملات درج کر NDPS اننت ناگ پولیس نے خشخاش کی کاشت کو ضائع کر کے لئے ہیں۔ اونتی پورہ میں بھی پولیس کی طرف سے بھی اسی طرح کی کئی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اننت ناگ پولیس نے ذالڈارہ ڈورو کے رہنے والے فیاض احمد ڈار نامی ایک سمگلر والا ایک کڑا پہنایا ہے۔اُدھر ہندواڑہ میں پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف بیداری GPS کو پیدا کرنے کےلئے کئی جانکاری پروگرام منعقد کئے گئے۔

اسی دوران سرینگر پولیس نے زاہد پورہ حول کے رہنے والے ہلال احمد شیخ نامی ایک بد نام زمانہ سمگلر کے غیر قانونی تعمیری اثاثے کو منہدم کیا ہے ۔

ادھربارہمولہ پولیس نے اوڑی میں منشیات کے خلاف ایک جانکاری پروگرام کے علاوہ ٹنگمرگ میں ایک مراتھن کا انعقاد کیا۔

اس بیچ کولگام اور اونتی پورہ میں پولیس کی طرف سے نار کو ٹیرر نیٹ ورک کو توڑنے کیلئے سکارڈ تعینات کئے ہیں-K9

ضبطی

ادھر سوپور میناآج پولیس کی طرف سے ضوابط کی پاسداری نہ کرنے کی پاداش میں8واں میڈیکل سٹور سربمہر کر دیا گیا ۔

اس دوران گاندربل، بانڈی پورہ ، شوپیان اور دیگر کئی مقامات پر منشیات کے خلاف جانکاری پروگراموں کا سلسلہ جاری رہا ۔

دریں اثنا شوپیان پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی نکاسی میں ملوث سات گاڑیوں کو ضبط کرکے تین معاملات درج کر لئے ہیں-

اسی طرح کی کارروائی کے دوران اننت نا گ کے عیشمقام اور جنگلات منڈی علاقوں میں بھی پانچ گاڑیاں ضبط کی گئی ہیں-پلوامہ ضلع میں بھی معدنیات کی غیر قانونی کان کنی میں ملوث درج کئے گئے ہیں-FIR پانچ گاڑیاں ضبط کرکے دو

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں-

پربھی سما عت کر سکتے  DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں-

سکاسٹ

شیر کشمیریونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار میں آج ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا جس میں حال ہی میں فوت ہوئے ڈویژن آف انٹومالوجی کے سربراہ پروفیسر اختر علی خان کو خراج عقیدت ادا کیا گیا-

مقررین نے اس موقعے پر سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کےلئے دعا کی-

خراج عقیدت

ریڈیو، ٹیلی ویژن اور تھیٹر اداکار رفیق احمد متو کو خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے آج جے اینڈ کے کلچرل اکیڈیمی اور ACT نامی ثقافتی تنظیم کے باہمی اشتراک سے ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا۔

معروف تھیٹر ڈائریکٹر اور فلمساز ڈاکٹرعیاش عارف کی صدارت میں منعقدہ اس اجلاس میں محمدامین بٹ، گل جا وید، مشتاق علی احمد خان، نذیر جوش اور مشتاق بالا نے شرکت کی۔
مقررین نے اس دوران مرحوم کو خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے آرٹ کے شعبے میں ان کی خدمات کو اُجاگر کیا۔

بعد میں ڈاکٹر عیاش عارف نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے مرحوم کو ان الفاظ میں خراج عقیدت ادا کیا۔

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے شعبہ صحافت کی جانب سے آج صحافت کے عالمی ہفتے کی مناسبت سے ایک سٹریٹ تھیٹر پروگرام منعقد کیا گیا ۔شعبے کے اسسٹنٹ پروفیسر حائفا محمد کی ہدایت کاری میں "News or Noise" کے موضو ع سے منعقدہ اس ڈرامچے میں شعبہ صحافت کے طالب علموں نے کردار ادا کیا ۔

اس موقعے پر غلط معلومات اور ڈیجیٹل پلیٹ فارموں پر غیر تحقیق شدہ مواد کے پھیلاؤ کے بڑھتے چلینج کو اجا گر کیا گیا ۔

نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی میں انڈین نیشنل ینگ اکیڈمی آف سائنس اور کشمیر جموں کے باہمی اشتراک سے IIT یونیورسٹی نیز

"Raman Spectroscopy: Transforming research across scientific fields"

کے موضوع سے ایک لیکچر منعقد کیا گیا ۔ یہ لیکچر جواہر لعل نہرو سینٹر فار ایڈوانسڈ سائنٹفک ریسرچ کے شعبہ کیمسٹری اینڈ فزیکس آف میٹریلز کے جانے مانے سائنس دان پروفیسر چندربھاس نارائن نے دیا۔

اس پروگرام میں جموں کشمیر کے کئی سرکردہ اداروں کے 85شرکاءنے حصہ لیا۔

ترجمہ

جمونو کشمیر کے ایک معروف صحافی اور مصنف ڈاکٹر راجیش کرشن بٹ نے ملک کے ایک کا پہلی Social Change in Modern Indiaایم این سری نِواس کے کامSociologist نامور مرتبہ کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ہے۔

کے نیشنل ٹرانسلیشن مشن پروجیکٹ Mysuru یہ ترجمہ سینٹرل انسٹی چیوٹ آف انڈین لنگویجز کے تحت مکمل کیا گیا۔ اس حوالے سے ڈاکٹر راجیش کرشن بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بھاجپا نامہ

پردیش بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول، رُکن پارلمان جگل کشور، غلام علی کھٹانہ، سابق نائب وزیر اعلیٰ نرمل سنگھ اور پارٹی کے سابق صدر رویندر رینہ کے ہمراہ پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں تنظیمی سطح کی سلسلہ وار میٹنگوں سے خطاب کیا۔

اس موقعے پر انہوننے کہا کہ متواتر تربیتی کیمپوں کا انعقاد تنظیمی سطح پر بی جے پی کی اصل مضبوطی کی وجہ ہے۔

نیشنل کانفرنس ضلع سرینگر کی مجلس عاملہ کا اجلاس آج پارٹی کی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔

اس میں موجودہ سیاسی اور انتظامی صورتحال کے ساتھ ساتھ لوگوں کے مسائل اور آنے والے پنچایتی و بلدیاتی انتخابات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

فاروق عبداللہ نے پارٹی لیڈروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ رابطے کو مزید مستحکم کرے اور پنچایتی و بلدیاتی انتخابات کےلئے آج سے ہی تیاریاں شروع کریں۔

دریں اثناءڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر کو وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے معروف معالج ڈاکٹر علی محمد جان کی دختر ڈاکٹر آمنہ شفیع کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ حضرت سید محمد امین اویسی منتقی قادری ؒ اور سید شاہ صادق قلندر ؒ کے عرس ہائے مبارک کے موقعے پر لوگوں کےلئے تمام انتظامات مکمل کریں۔

جنتا دل یونائٹیڈ جموںوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے پارٹی لیڈروں سے کہا ہے کہ وہ آنے والے پنچاتی انتخابات کےلئے اپنی تیاریاں شروع کریں۔

اس مقصد کےلئے انہوںنے پارٹی کو بنیادی سطح پر مضبوط کرنے کی سمت میں کام کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

اب پیش ہے ریلویز کا یہ پرومو۔

مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ ملک بھر میں گھریلوکام رسوئی گیس کی تقسیم کا ری معمول کے مطابق جا ری ہے اور کسی بھی LPG ڈسٹریبوٹر کے پاس سلنڈروں کی کوئی کمی نہیں ہے۔

نئی دلی میں ایک بائین وزارتی میڈیا بریفنگ کے دوران پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے کہا ہے کہ مغربی ایشیاءکے بحران کے با وجود سرکار صارفین تک گھریلو رسوئی گیس کی صد فیصد فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ جبکہ کمرشل سلنڈروں کی سپلائی بھی 70فیصدی تک عمل میں لائی جارہی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت25 اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 37 منٹ اور

غروب آفتاب شام7بجکر 20منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.................................................